03-04-2024

21.15 Hrs

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... محمد عمار

------------------------------

**Music**

------------------------------

1۔ دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے لیے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل ختم ہو جائے گا۔ کئی اہم لیڈروں نے آج اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔

2۔ اہم سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ملک کے مختلف علاقوں میں عوامی جلسے اور روڈ شوز کا انعقاد کر رہے ہیں۔

3۔ انتخابی کمیشن نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ پرامن اور لالچ سے پاک عام انتخابات کو یقینی بنائیں۔

4۔ مرکزی وزیرصحت ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے ملک بھر میں گرمی کے موسم کے دوران ہونے والی بیماری کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

5۔ تائیوان میں آئے طاقتور زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد نو ہو گئی ہے جبکہ 900 سے زیادہ افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ راحت اور بچاؤ کی کارروائی جاری ہے۔

------------------------------

**Music**

------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## NOMINATIONS

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل ختم ہو رہا ہے۔ اس مرحلے کے تحت، اس ماہ کی 26 تاریخ کو 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں لوک سبھا کی 88 سیٹوں کے ساتھ ساتھ باہری منی پور لوک سبھا حلقے کے باقی حصوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ جموں کشمیر کو چھوڑ کر سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں کاغذات کی جانچ پڑتال جمعہ کو کی جائے گی جبکہ جموں و کشمیر میں ہفتے کے روز جانچ پڑتال کی جائے گی۔

اس مہینے کی 8 تاریخ تک نام واپس لئے جاسکتے ہیں۔ اس مرحلے میں کانگریس لیڈر راہل گاندھی سمیت کئی سرکردہ رہنماؤں نے اپنے کاغذات داخل کئے ہیں۔

اترپردیش میں، BJP امیدوار مہیش شرما نے گوتم بدھ نگر سیٹ سے اپنے کاغذات جمع کرائے ہیں۔ راجستھان میں BJP اور کانگریس کے کئی سرکردہ لیڈروں نے آج اپنے کاغذات نامزدگی داخل کئے ہیں۔ سینئر BJP لیڈر اوم برلا نے کوٹا پارلیمانی حلقے سے اپنے کاغذات جمع کرائے ہیں۔

کانگریس کی جانب سے، بھیل واڑہ سے امیدوار اور سینئر لیڈر سی پی جوشی، باڑمیر سے امیّدا رام بینی وال اور جھالواڑ- بارَن سے امیدار ارمیلا جین بھایا نے اپنے اپنے پرچے جمع کرائے ہیں۔

کیرالہ میں، کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے آج سہ پہر Wayanad پارلیمانی حلقے کے ریٹرنگ افسر کے سامنے اپنے کاغذات نامزدگی پیش کئے ہیں۔ انھوں کاغذات جمع کرانے سے پہلے Kalpetta قصبے میں ایک روڈ شو کی قیادت کی تھی۔

Wayanad میں لیفٹ ڈیموکریٹک فرنٹ کی امیدوار، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کی Annie-Raja نے بھی اپنے نامزدگی کے کاغذات جمع کرائے ہیں۔

NDA کے امیدوار اور ریاست کے BJP صدر K سریندرن، کل اِس حلقے سے اپنے کاغذات داخل کریں گے۔

دوسری جانب ترو ونت پورم لوک سبھا حلقے سے موجود رکن پارلیمنٹ ششی تھرور بھی اپنے کاغذات داخل کریں گے۔ x

## CAMPAIGNING

لوک سبھا انتخابات کے لیے چناؤ مہم میں تیزی آرہی ہے۔ اہم سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈران ملک بھر میں

عوامی جلسے اور روڈ شوز کا انعقاد کر رہے ہیں۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج نمو ایپ کے ذریعے اتر پردیش BJP کارکنوں کی ایک ڈیجیٹل ریلی سے خطاب کیا۔

جناب مودی نے BJP کارکنوں سے کہا کہ وہ تمام سابقہ چناؤ ریکارڈس کو توڑنے کے عزم کے ساتھ کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ خواہ یہ لوک سبھا انتخابات ہوں یا اسمبلی چناؤ اُن کی سخت محنت کی وجہ سے ہی نئے ریکارڈز قائم کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم نے اعتماد کا اظہار کیا کہ ریاست کے BJP کارکن ہر سیٹ اور ہر پولنگ بوتھ پر جیت کو یقینی بنانے کے لیے سخت محنت کر رہے ہیں۔

جناب مودی نے بوتھ سطح کے تمام ورکروں پر زور دیا کہ وہ نہ صرف BJP کے افکار و نظریات اور کلچر سے لوگوں کو متاثر کریں بلکہ اپنی عاجزی اور انکساری سے بھی لوگوں کا دل جیتیں۔ اُنہوں نے BJP کارکنوں سے کہا کہ وہ اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ ان کے کام یا رویے سے کسی شخص کو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔

اترپردیش میں تیسرے مرحلے کے تحت دس لوک سبھا سیٹوں کے پولنگ بوتھوں کے کارکنوں نے اِس ڈیجیٹل ریلی میں شرکت کی۔ BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ نے بھی آج اترپردیش کے غازی آباد میں ایک چناؤ ریلی کی۔

دوسری طرف کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے آج شمال مشرقی دلی پارلیمانی حلقے سے گھر گھر گارنٹی ابھیان کا آغاز کیا۔

اِس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب کھڑگے نے دعویٰ کیا کہ اگر کانگریس پارٹی اقتدار میں آتی ہے تو سرکاری اسامیوں کو فوری طور پر پُر کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ان کی پارٹی انتخابات میں جیت حاصل کرتی ہے تو ملک بھر میں ذات پر مبنی مردم شماری کرائی جائے گی۔×

**MAHA BJP MP**

راجستھان میں کانگریس اور جن نائک جنتا پارٹی کے متعدد سینئر رہنما سمیت مختلف سیاسی پارٹیوں کے 100 سے زیادہ لیڈران آج BJP میں شامل ہو گئے۔ مکے باز وجیندر سنگھ کانگریس پارٹی سے استعفیٰ دے کر آج نئی دلی میں BJP میں شامل ہو گئے۔ اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے وجیندر سنگھ نے کہا کہ وہ ملک کے مفاد میں اور لوگوں کی خدمت کرنے کے لیے BJP میں شامل ہوئے ہیں۔ مہاراشٹر میں جل گاؤں سے BJP کے MP اُنمیش پاٹل آج شیو سینا UBT میں شامل ہو گئے۔ BJP نے، آنے والے لوک سبھا انتخابات میں جل گاؤں پارلیمانی حلقے سے سمیتا واگھ کو پارٹی امیدوار بنانے کا اعلان کیا ہے۔×

## BIHAR GAYA CONSTITUENCY PROFILE

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظر نامے کا احاطہ کرنے کی سیریز کے تحت آج ہم بہار کے گیا پارلیمانی حلقے سے متعلق ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔ بہار میں سات مرحلوں میں پولنگ ہوگی۔ پہلے مرحلے کے تحت اِس مہینے کی 19 تاریخ کو گیا لوک سبھا سیٹ کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس سیٹ کے لیے سات آزاد امیدوار سمیت کُل 14 امیدوار میدان میں ہیں۔ اِس سیٹ پر اصل مقابلہ بہار کے سابق وزیراعلیٰ اور ہندوستانی عوام مورچہ کے لیڈر جتن رام مانجھی اور RJD کے کمار سروجیت کے درمیان ہونے کا امکان ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

V/C - Dharmendra Kumar Rai

ہائی پروفائل گیا پارلیمانی حلقے میں 18 لاکھ سے زیادہ ووٹرس 14 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ جنتا دل-یو کی نمائندگی والی یہ سیٹ NDA میں سیٹوں کے بٹوارے سے متعلق سمجھوتے کے تحت ہندوستانی عوام مورچہ کے لیے مختص کی گئی ہے۔ 2019 میں وجے مانجھی جنتا دل-یو کے ٹکٹ پر یہاں سے ممبر پارلیمنٹ منتخب ہوئے تھے۔ ہندوستانی عوام مورچہ کے جیتن رام مانجھی اس سیٹ سے تیسری مرتبہ اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔ اِس سے پہلے انہیں دو مرتبہ، 2014 اور 2019 میں ہار کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ RJD کے نامزد امیدوار کمار سرجیت، بودھ گیا اسمبلی سیٹ سے موجودہ MLA ہیں۔ وہ ریاست کی سابقہ سرکار میں زراعت کے وزیر بھی تھے۔

BSP سے سشما کماری بھی چناؤ لڑ رہی ہیں۔ اِس لوک سبھا سیٹ کے متعدد علاقے نکسل سے متاثرہ ہیں۔ نکسل سے متاثرہ شیر گھاٹی، بارہ چٹی اور بودھ گیا کے پولنگ بوتھوں پر ووٹنگ صبح سات بجے سے شام چار بجے تک ہوگی۔ سیاحوں کے لیے ایک بین الاقوامی پُرکشش مقام ہونے کے باوجود ترقی کی کمی، غربت، بے روزگاری اور شہری علاقوں میں ٹریفک جام کا مسئلہ گیا لوک سبھا پارلیمانی حلقے کے اہم مسائل ہیں۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ..................

## NEW EC LAW & ORDER

انتخابی کمیشن نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹری صاحبان اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان کو ہدایت کی ہے کہ وہ غیر قانونی شراب، نقد رقم، منشیات، ہتھیاروں اور مفت تقسیم کی جانے والی اشیاء کی آمد پر روک لگانے کی غرض سے، بین ریاستی اور بین الاقوامی سرحدوں کی سخت چوکسی کریں۔ کمیشن نے انہیں یہ بھی ہدایت کی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ 2024 کے عام انتخابات پُرامن، منصفانہ اور شاف ہوں۔ انتخابی

کمیشن نے آج نئی دلّی میں سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے عہدیداران کے ساتھ ایک میٹنگ کی، جس میں امن و قانون کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔

کمیشن نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اس مشترکہ جائزہ میٹنگ کا مقصد سبھی متعلقہ فریقوں کو ایک جگہ یکجا کرنا تھا تاکہ سرحدوں کی حفاظت پر مامور مرکزی ایجنسیوں کے ساتھ ساتھ سبھی عہدیداروں کے مابین خوش اسلوبی پر مبنی تعاون و اشتراک کو یقینی بنایا جاسکے۔

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے انتخابی کمشنرز گیانیش کمار اور سُکھ بیر سنگھ سَندھو کے ہمراہ اس میٹنگ کی صدارت کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے، راجیو کمار نے آزادانہ، منصفانہ، پُر امن، شفاف اور کسی قسم کی دھونس یا لالچ سے مبرا انتخابات کو یقینی بنانے سے متعلق، کمیشن کے عزم کو اجاگر کیا۔ انھوں نے سبھی متعلقہ فریقوں پر زور دیا کہ وہ انتخابی عمل کی ایمانداری کو سربلند کرنے اور سبھی کیلئے مساوی اور یکساں مواقع کو یقینی بنانے کی غرض سے، مل کر کام کریں۔

جناب کمار نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت کی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر ووٹر کسی بھی قسم کے خوف اور دھمکی کے بغیر، اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکے۔

میٹنگ کے دوران، کمیشن نے اروناچل پردیش، چھتیس گڑھ اور مہاراشٹر جیسی 11 ریاستوں کے چیلنج والے خطوں میں پولنگ ٹیموں کی آمد و رفت کیلئے انڈین ایئر فورس اور ریاستوں کے شہری ہوا بازی کے محکموں کی معاون کا بھی جائزہ لیا۔ x

**RS OATH**

نائب صدر جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے آج راجیہ سبھا کے 12 نومنتخب ممبروں کو حلف دلایا۔ اِن نومنتخب ممبروں میں مرکزی وزیر ڈاکٹر ایل مُروگن کے علاوہ گیارہ دیگر ارکان ہیں۔ جن ارکان کو آج حلف دلایا گیا اُن میں بہار سے مرکزی وزیر ڈاکٹر ایل مروگن، پروفیسر منوج جھا، دھرم شیلا گپتا اور سنجے یادو، ہماچل پردیش سے ہرش مہاجن، ہریانہ سے سبھاش چند، مہاراشٹر سے میدھا کلکرنی اور چندرکانت ہنڈورے، کرناٹک سے جی سی چندر شیکھر، گجرات سے گووند بھائی ڈھولکیہ، اترپردیش سے سادھنا سنگھ اور مدھیہ پردیش سے اشوک سنگھ شامل ہیں۔ سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ سمیت راجیہ سبھا کے 56 ارکان اِس ہفتے سبکدوش ہو گئے۔x

**MUMBAI RBI MEETING**

مالی برس 2024-25 کے لیے، ریزرو بینک آف انڈیا کی مالیاتی پالیسی کمیٹی کی پہلی دو ماہی میٹنگ آج ممبئی میں

شروع ہو گئی۔ ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر آئندہ جمعہ کے روز مالیاتی پالیسی کا اعلان کریں گے۔ مالیاتی پالیسی کمیٹی نے فروری میں پالیسی ریپو ریٹ کو ساڑھے چھ فیصد جوں کا توں رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔×

## INDIAN WORLD BANK

عالمی بینک نے اندازہ لگایا ہے کہ 2024 میں بھارت کی اقتصادی ترقی ساڑھے سات فیصد کے حساب سے فروغ پائے گی۔ بینک نے اپنی اِس نظرثانی شدہ شرحِ نمو میں پہلے کی شرح کے مقابلے میں ایک اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ کیا ہے۔ عالمی بینک کی جنوبی ایشیا کے حالیہ ترقیاتی تخمینے کے مطابق جنوبی ایشیا میں مجموعی شرح ترقی 2024 میں چھ فیصد رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ بینک کا کہنا ہے کہ بھارت میں شاندار ترقی اور پاکستان اور سری لنکا میں قدر اقتصادی بہتری کے نتیجے میں یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ جنوبی ایشیا اگلے دو سال کے دوران دنیا میں سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرنے والا خطہ رہے گا، جس کی شرحِ نمو 2025 میں چھ اعشاریہ ایک فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔×

## HEALTH HEATWAVE MEETING

مرکزی وزیر صحت ڈاکٹر من سکھ مانڈویا نے آج ایک میٹنگ کی صدارت کی، جس میں گرمی کے موسم کے دوران ہونے والی بیماریوں کی روک تھام سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ صحت کے مرکزی سکریٹری اپوروا چندرا، نیتی آیوگ کے صحت سے متعلق رکن، ڈاکٹر وی کے پال، بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD کے ڈائریکٹر جنرل- ایم موہاپاترا، آفات کے بندوبست سے متعلق قومی اتھارٹی کے رکن- کمل کشور، ایمس کے ڈائریکٹر اور دیگر سینئر افسران نے اس میٹنگ میں شرکت کی۔

بعد میں، نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر من سکھ مانڈویا نے کہا کہ کسانوں، تعمیراتی مزدوروں اور انتخابی ڈیوٹیوں میں تعینات انتخابی مہم میں مصروف کارکنان سمیت سبھی کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ شدید گرمی اور لُو کے اثر سے محفوظ رہنے کی خاطر خواہ مقدار میں پانی پییں۔

اس کے ساتھ ساتھ یہ لوگ پھلوں کا جوس، لیموں کا جوس اور موسمیاتی پھل بھی استعمال کر سکتے ہیں تا کہ جسم میں پانی کی کمی نہ ہونے پائے۔ x

## GOVT MEDICINE

حکومت نے دواؤں کی قیمتوں میں اضافے کی خبروں کو غلط اور گمراہ کن بتایا ہے۔ مرکزی وزیر صحت نے کہا

ہے کہ رپورٹ میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ تقریباً 500 دواؤں کی قیمت میں اضافے ہوگا، جو پوری طرح گمراہ کن اور بدنیتی پر مبنی ہے۔ ادویات کی قیمت طے کرنے والی اتھارٹی NPPA، حکومت کے ادویات کے شعبے کے زیرِ نگرانی دواؤں کی تھوک قیمت پر سالانہ نظرثانی کرتی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ 782 دواؤں کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے جبکہ 54 ادویات کی قیمت میں صرف ایک پیسہ کا معمولی اضافہ کیا گیا ہے۔ x

## SANJAY SINGH BAIL

دلّی کی ایک عدالت نے عام آدمی پارٹی کے لیڈر اور راجیہ سبھا ایم پی، سنجے سنگھ کو ہدایت کی ہے کہ وہ آبکاری گھپلے کے کیس میں ثبوتوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہ کریں اور نہ ہی گواہوں کو متاثر کرنے کی کوشش کریں۔ خصوصی جج کاویری بویجا نے آج انھیں تہاڑ سینٹرل جیل سے رہا کرنے کا حکم دینے سے پہلے، یہ ہدایات دیں۔

آپ لیڈر، سنجے سنگھ کو، کل سپریم کورٹ نے ضمانت دی تھی۔ انہیں گزشتہ برس اکتوبر میں گرفتار کیا گیا تھا۔

جسٹس بویجا نے انھیں اپنا پاسپورٹ جمع کرانے، قومی راجدھانی خطے سے باہر جانے سے پہلے اپنے پروگرام کے بارے میں مطلع کرنے اور اپنے فون کی لوکیشن ہمیشہ آن رکھنے کی بھی ہدایت دی۔ جج نے انھیں دو لاکھ روپے کا ایک ذاتی مچلکہ اور اتنی ہی رقم کے بقدر ضمانت جمع کرانے کی بھی ہدایت دی۔

وکیل نے عدالت کو بتایا کہ سیاست داں کی اہلیہ اس معاملے میں ملزم کی ضمانت ہوں گی۔ x

## REV TAIWAN EARTHQUAKE

تائیوان میں آئے طاقتور زلزلے سے کم سے کم 9 افراد ہلاک اور 900 کے قریب زخمی ہوگئے ہیں۔ امریکہ کی ارضیاتی جائزے سے متعلق ادارے نے کہا ہے کہ 7 اعشاریہ 4 کے ریختر پیمانے پر آنے والے آج کے اِس زلزلے کا مرکز تائیوان کے شہر Hualien سے 18 کلو میٹر جنوب میں تھا جس کی گہرائی 34 اعشاریہ 8 کلو میٹر تھی۔ زلزلے کی وجہ سے خطے میں سونامی سے چوکس رہنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

تائی-پی کے زلزلے سے متعلق مرکز کے ڈائریکٹر Wu Chien Fu نے بتایا ہے کہ گزشتہ 25 سال میں آنے والے زلزلے میں یہ سب سے شدید تھا۔

ابتدائی خبروں میں کہا گیا ہے کہ Hualien میں بہت سی عمارتیں جزوی طور پر منہدم ہوگئیں ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ درجنوں افراد عمارتوں کے ملبے میں پھنسے ہوئے ہیں۔

خبروں کے مطابق آج صبح 30 سینٹی میٹر کی سونامی Yonaguni Island میں بھی ریکارڈ کیا گیا۔

جاپان کی موسمیاتی ایجنسی نے Miyakojima اور Okinawa آئی لینڈ کیلئے بھی خطرہ سے آگاہ کرتے

ہوئے 3 کلو میٹر کی دوری سے آنے والی لہروں سے چوکس رہنے کو کہا ہے۔ فلپائن میں بھی سونامی سے چوکس رہنے کو کہا گیا ہے۔

چین کے سرکاری ذرائع ابلاغ نے بتایا ہے کہ چین کے جنوب مشرقی Fujian صوبے کے کچھ حصوں میں بھی زلزلے محسوس کیے گئے ہیں۔

اسی دوران بھارت- تائپئی ایسوسی ایشن نے تائیوان میں آئے زلزلے سے متعلق مدد اور معلومات کیلئے ایک ہیلپ لائن نمبر بھی جاری کیا ہے۔

ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر ہے: 0905247906 اور ای- میل آئی ڈی Ad.ita@mea.gov.in ہے۔

ایسوسی ایشن نے تائیوان میں رہائش پذیر بھارتی شہریوں سے مقامی ایڈوائیزری پر عمل کرنے کی اپیل کی ہے۔

آج تائیوان میں ریختر پیمانہ پر 7 اعشاریہ 4 شدت کا ایک طاقتور زلزلہ آیا۔ x

**PM TAIWAN**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج تائیوان میں آئے زلزلے کے سبب جانوں کے اتلاف پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے کہا کہ بھارت، اس دکھ کی گھڑی میں تائیوان کے حوصلہ مند عوام کے ساتھ کھڑا ہے، جبکہ وہ اس سانحہ میں ہوئے نقصانات سے بحال ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی ہے۔ x

☆☆☆☆